**AQF / Shabbir**

**17-12-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر راجستھان میں 46 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

2. راجیہ سبھا میں بھارت کے آئین کے 75 سال کے شاندار سفر پر خصوصی بحث دوبارہ شروع ہوگی۔ وزیراعظم آج راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دیں گے۔

3. ایک ملک- ایک انتخاب سے متعلق دو بل آج لوک سبھا میں پیش کئے جائیں گے۔

4. بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے دو سے تین دن کے دوران شمالی ریاستوں میں سرد لہر جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5. فرانسیسی جزیرے Mayotte میں سمندری طوفان Chido کے سبب ہونے والی تباہی میں سینکڑوں افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔

6. اور کرکٹ میں : باڈر-گوارسکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کے خلاف کھیلتے ہوئے اپنی پوزیشن مستحکم کرلی ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-JAIPUR**

وزیراعظم نریندر مودی آج راجستھان حکومت کے ایک سال پورے ہونے کے موقع پر ایک پروگرام میں شرکت کریں گے۔ وہ 46 ہزار 300 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے توانائی، سڑک، ریلویز اور پانی سے متعلق 24 پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیراعظم اس موقع پر ایک عوامی جلسہ سے بھی خطاب کریں گے۔

راجستھان اور مدھیہ پردیش کے وزراء اعلیٰ اور کچھ مرکزی وزراء بھی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Jitendra Dwivedi**

پروگرام کے دوران جن پروجیکٹوں کا افتتاح کیا جائے گا ان میں **Navnera** بیراج، اسمارٹ الیکٹریسٹی ٹرانسمیشن نیٹ ورک اور اثاثہ جات کے بندوبست نظام کے منصوبے، بھیلڈی - جودھپور - **Degana** - رتن گڑھ سیکشن کا ریلوے الیکٹریفکیشن اور دلی - وڈودرا گرین فیلڈ الائنمنٹ پروجیکٹ کا پیکیج 12 شامل ہیں۔ وزیراعظم رام گڑھ بیراج اور **Mahalpur** بیراج کے تعمیراتی کام اور نونیرا بیراج سے بسال پور ڈیم اور **Isarda dem** میں پانی کی منتقلی کے لیے دریائے چنبل پر 9 ہزار 400 کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کے پانی کی منتقلی کے نظام کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیراعظم پُوگل میں ایک 200 میگاواٹ کے سولرپارک اور ایک ہزار میگاواٹ کے سولر پارک کے دوسرے مرحلے اور پینے کے پانی کے کچھ اہم پروجیکٹوں کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گے۔ **Luni-Samdari-Bhildi**، اجمیر - چندریا اور جے پور- سوائی مادھوپور ریلوے لائن کو دوہرا کرنے سے متعلق کاموں کا بھی آغاز کیا جائے گا۔

جے پور سے جتیندر دویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

**RS-PM**

راجیہ سبھا میں آج بھارت کے آئین کے 75 سال کے شاندار سفر پر خصوصی بحث دوبارہ شروع ہوگی۔ وزیراعظم نریندر مودی آج راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دیں گے۔ راجیہ سبھا میں کُل دو روزہ خصوصی بحث کا آغاز ہوا۔ بحث کی شروعات کرتے ہوئے مرکزی وزیرِخزانہ نرملا سیتارمن نے آئین ساز اسمبلی کی 15 خواتین ممبران کو خصوصی شناخت فراہم کرتے ہوئے، آئین ساز اسمبلی کے تمام ارکان کو خراج تحسین پیش کیا۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ یہی وقت ہے کہ بھارت کی تعمیر کے عزم کا اعادہ کیا جائے، جو اس مقدس دستاویز میں درج روح کو بھی برقرار رکھے گا۔ **S/B Sitharaman**

محترمہ سیتارمن نے اظہار رائے کی آزادی اور آئین کے تحفظ کے معاملے پر اپوزیشن کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس آئین کا تحفظ کرنے کے بجائے بے شرمی کے ساتھ ایک خاندان کی مدد کرنے اور اقتدار میں رہنے والوں کی حفاظت کیلئے آئین میں ترمیم کرتی رہی۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے ایوان میں اپوزیشن کے رہنما ملکارجن کھڑگے نے حکومت پر آئین کو پامال کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانگریس پارٹی ہی ہے، جس نے ہمہ گیر بالغ حق رائے دہی کے تحت تمام لوگوں کو ووٹ ڈالنے کا حق دیا۔×

## BILLS-ONE NATION ONE ELECTION

ایک ملک، ایک انتخاب سے متعلق دو بل آج لوک سبھا میں پیش کیے جائیں گے۔ قانون کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال، آئین میں ترمیم سے متعلق 129 ویں بل اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے متعلق قوانین کے ترمیمی بل کو ایوانِ زیریں میں پیش کریں گے۔

حال ہی میں حکومت نے ملک بھر میں ایک ساتھ انتخابات کرانے کے لیے راہ ہموار کرتے ہوئے ایک ملک، ایک انتخاب کے نظریے کو دریافت کرنے کی خاطر تشکیل دی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی کی سفارشات کو منظور کیا تھا۔ جب یہ بل قانون کی شکل اختیار کرلے گا، تو اسے دو مرحلوں میں نافذ کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات ایک ساتھ منعقد کیے جائیں گے، جبکہ پنچایتوں اور میونسپل اداروں جیسے مقامی بلدیاتی اداروں کے چناؤ عام انتخابات کے 100 دن کے اندر-اندر منعقد کیے جائیں گے۔ اس دوران BJP نے آج ایوان میں موجود رہنے کیلئے لوک سبھا کے اپنے تمام ارکان کو ایک تین سطری وہِپ جاری کیا ہے۔×

## SHAH-LWE REVIEW

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے چھتیس گڑھ میں بائیں بازو کی انتہا پسندی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے کل شام رائے پور میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ کے دوران وزیر داخلہ نے تمام فورسز اور ایجنسیوں سے کہا کہ وہ مارچ 2026 تک بائیں بازو کی انتہا پسندی کے مکمل خاتمے کیلئے مشترکہ کوششیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے ایک سال کے دوران نکسلیوں کو ہمارے سکیورٹی فورسز سے سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے اسے ایک بڑی کامیابی قرار دیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ مارچ 2026 سے پہلے نکسل اِزم کو ختم کرنے کیلئے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے اور قومی جانچ ایجنسی NIA اس کوشش میں بہت اہم کردار ادا کرے گی۔ ریاست کے اپنے دو روزہ دورے کے دوسرے دن کل مرکزی وزیر داخلہ نے بیجا پور ضلعے میں Gundam فارورڈ آپریٹنگ بیس میں فورسز کی آپریشنل تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔×

## PREZ TELANGANA AND AP

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو جنوبی ریاستوں آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے پانچ روزہ دورے پر آج شام حیدرآباد پہنچیں گی۔ صدر جمہوریہ آج شام حکیم پیٹ، بھارتی فضائیہ کے اڈے پر پہنچیں گی۔ وہ سڑک کے ذریعہ سکندر آباد میں Bolarum کے مقام پر واقع راشٹرپتی نیلائم پہنچیں گی۔ صدر جمہوریہ اِس مہینے کی 21 تاریخ تک راشٹرپتی نیلائم سے صدر کے دفتر کا کام کاج کریں گی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ تلنگانہ کی ریاستی سرکار نے صدر جمہوریہ کے دورے اور اُن کے قیام کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Lakshmi**

*صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ملک کے اعلیٰ ترین عہدے پر فائز ہونے کے بعد تیسری مرتبہ حیدرآباد کا دورہ کررہی ہیں۔ صدر جمہوریہ سال میں کم سے کم ایک مرتبہ سکندر آباد میں واقع راشٹرپتی نیلائم میں قیام کرتی ہیں اور وہاں سے اپنے دفتری امور کو انجام دیتی ہیں۔ راشٹرپتی نیلائم کی عمارت 1860 میں سکندر آباد میں برطانوی ریزیڈنٹ کے کنٹری ہاؤس کے طور پر تعمیر کی گئی تھی۔ یہ عمارت 1948 میں حیدرآباد ریاست کے بھارت میں الحاق کے بعد صدر جمہوریہ کا Retreat بن گئی۔ ملک کے پہلے صدر جمہوریہ بابو راجندر پرساد نے سال 1955 میں راشٹرپتی نیلائم میں قیام کیا تھا اور تب سے سبھی صدر جمہوریہ ہر سال حیدرآباد کا دورہ کرتے ہیں اور چند دن یہاں قیام کرتے ہیں۔ اس مرتبہ راشٹرپتی نیلائم میں ایک ہفتہ طویل اپنے قیام کے دوران صدر جمہوریہ جمعہ کو سکندر آباد میں CDM کے نام سے مشہور کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ سکندر آباد کو پریسیڈنٹس کلر عطا کریں گی۔ صدر جمہوریہ اپنے دورے کے دوران نیلائم میں مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھیں گی۔ اس کے علاوہ وہ عوامی نمائندوں، معززین، سرکردہ شخصیات، فنکاروں اور مختلف برادریوں کے لیڈروں سے بھی ملاقات کریں گی۔*

*حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

آندھرا پردیش کے اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ، گنٹور ضلعے میں امراوتی کے نزدیک ایمس **Mangalagiri** کے جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔ **49** انڈر گریجویٹ طلباء اور چار پوسٹ ڈاکٹورَل طلباء کو، کورس مکمل کرنے کا سرٹیفکٹس عطا کئے جائیں گے۔ صدر جمہوریہ اس تقریب کے دوران بہترین تعلیمی کارکردگی والے طلباء کو صدر کا گولڈ میڈل بھی عطا کریں گی۔ **Mangalagiri** ایمس **2018** میں قائم کیا گیا تھا، اس میں **39** اسپیشلٹی شعبے ہیں۔ اس اسپتال میں گزشتہ **6** سال کے دوران تقریباً **21** لاکھ لوگوں کا علاج کیا گیا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PRESIDENT BANQUET SL PREZ**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل شام راشٹرپتی بھون میں سری لنکا کے صدر انورا کمار دِسانائیکے کے اعزاز میں ایک سرکاری عشائیہ کی میزبانی کی۔ صدر دِسانائیکے اور اُن کے وفد کا راشٹر پتی بھون میں استقبال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے سری لنکا کے حالیہ انتخابات میں کامیابی پر انھیں مبارکباد پیش کیا۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ سری لنکا بھارت کی پڑوس پہلے کی پالیسی اور ساگر وژن کاایک اہم حصہ ہے۔ دونوں لیڈروں نے اس اعتماد کا اظہارکیا کہ اِس دورے سے دونوں ملکوں میں امن، اور لوگوں کی خوشحالی کی خاطر دو طرفہ تعلقات مزید بہتر ہوں گے۔ طرفین نے سری لنکا میں سول سروینٹس کی تربیت اور صلاحیت سازی سے متعلق ایک مفاہمت نامے کا تبادلہ کیا۔

**FOREST FAIR-BHOPAL**

مدھیہ پردیش کے بھوپال میں آج سے 23 دسمبر تک دسواں بین الاقوامی جنگلاتی میلہ منعقد کیا جارہا ہے۔ یہ میلہ جنگلات سے وابستہ لکڑی اکٹھا کرنے والے اور جنگلاتی پیداوار کرنے والے افراد، کاروباریوں، صنعت کاروں، سائنسدانوں، منتظمین اور پالیسی سازوں کے درمیان بات چیت کیلئے ایک وسیع پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Sanjeev Sharma**

*گورنر منگو بھائی ٹیپل اور وزیرِاعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو آج بین الاقوامی جنگلاتی میلے کا افتتاح کریں گے۔ اِس میلے میں سری لنکا، نیپال اور آسٹریلیا کے نمائندے شرکت کریں گے۔ مدھیہ پردیش کے جنگلات کے وزیر **Dilip Ahirwar** نے اطلاع دی ہے کہ اِس سال اِس جنگلاتی میلے کا موضوع ہوگا: ''چھوٹی جنگلاتی پیداوار کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانا''۔ اِس موضوع کے انتخاب کی وجہ یہ ہے کہ مدھیہ پردیش میں چھوٹی جنگلاتی پیداوار کے بندوبست میں مصروف پچاس فیصد خواتین اس میں شرکت کر رہی ہیں۔ میلے میں تقریباً تین سو اسٹال لگائے جا رہے ہیں اور حکومت کے مختلف محکموں کی طرف سے نمائشیں بھی ہوں گی۔ اِس میلے میں **OPD** بھی لگائی جائے گی جس میں روزانہ آیوروید کے ڈاکٹرس مفت طبی مشورے فراہم کریں گے۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....*

**IMD WEATHER**

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے مدھیہ پردیش اور مشرقی راجستھان سمیت شمالی ریاستوں میں شدید سرد لہر چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِن علاقوں میں آئندہ دو سے تین دن تک یہ سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ ملک کے شمالی اور مشرقی حصوں بشمول سکم، آسام، اور میگھالیہ میں رات اور صبح کے اوقات میں اگلے دو دنوں تک گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، ساحلی آندھراپردیش اور رایل سیما میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ دلی **NCR** میں آج صبح اور رات کے اوقات میں دھوئیں اور دھند کے ساتھ ہلکا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔×

## CQM GRAP IV IMPOSED

آلودگی کی روک تھام کے مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں آج ہوا کا معیار انتہائی خراب زمرے میں چلا گیا۔ صبح چھ بجے قومی راجدھانی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ AQI، 418 سے تجاوز کر گیا۔ آلودگی کی سطح میں زبردست اضافے کے بعد ہوا کے معیار کے بندبست سے متعلق قومی کمیشن CAQM نے دلی NCR خطے میں Grap-4 مرحلے کو نافذ کیا ہے۔ کل رات کمیشن کی ذیلی کمیٹی نے ایک ہنگامی میٹنگ کی تھی جسمیں صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ x

## DELHI SCHOOL HYBRID MODE

دلی NCR خطے میں، سبھی پرائمری اسکول مزید ہدایات جاری ہونے تک Hybrdi موڈ میں جاری رہیں گے۔ دلی حکومت کے تحت ڈائرکٹوریٹ آف ایجویشن نے اس سلسلے میں ایک حکم جاری کیا ہے۔ اسکولوں سے پانچویں کلاس تک آن لائن یا آف لائن جس طرح ممکن ہو کلاسیں جاری رکھنے کے لیے کہا گیا ہے۔x

## MANDVIYA CYCLING

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈیا نے آج نئی دلی میں Fit India Cycling Tuesday کا جھنڈی دکھاکر آغاز کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اچھی صحت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ صرف ایک صحت مند معاشرہ بھی خوش حال ملک کی تعمیر کر سکتا ہے۔ Fit India Cycling Tuesday، Fit India Movement کے تحت ایک اہم پہل ہے جس کا آغاز وزیراعظم نریندر مودی نے 2019 میں کیا تھا۔

## CYCLONE CHIDO

بحیرۂ ہند میں واقع فرانس کے جزیرے مایوٹ میں سمندری طوفان Chido کے سبب ہونے والی بڑے پیمانے پر تباہی میں سینکڑوں لوگوں کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگرچہ عہدیداران نے 20 اموات کی تصدیق کی ہے تاہم مایوٹ کے Prefect نے کہا ہے کہ مرنے والوں کی تعداد تقریباً ہزار یا اُس سے بھی زیادہ ہو سکتی ہے۔

ایک رپورٹ۔ VC Aishwarya

*225 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے سمندری طوفان Chido ہفتے کے روز مایوٹ پہنچا۔ مانا جاتا ہے کہ یہ پچھلے 90 سال میں اِس جزیرے ٹکرانے والا سب سے خطرناک طوفان تھا۔ لوگ مدد کی اپیل کر رہے ہیں کیونکہ میڈاگاسکر اور موزمبیق ساحل کے درمیان واقع اِس جزیرہ پر اِس سمندری طوفان کے بعد سے بجلی نہیں ہے۔ فرانس کے صدر ایموئل میخواں نے کہا ہے کہ وہ قومی سوگ کا اعلان کریں*

گے۔ مایوٹ اقتصادی اعتبار سے اہم مرکز ہے۔ اِس کی بہتر طرزِ زندگی اور فرانس کے فلاحی نظام کی وجہ سے، Comoros اور صومالیہ جیسے ہمسایہ ملکوں سے لوگ ہجرت کرکے یہاں آتے ہیں۔x

دلی سے ایشوریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

**INDIAN EMBASSY GEORGIA**

جارجیا میں موجود بھارتی سفارت خانے نے جارجیا کے Gudauri میں ہوئی 11 بھارتی افراد کی اموات کی تصدیق کی ہے اور سفارتخانے نے مہلوکین کے اہل خانہ کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا۔ کل سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پوسٹ کئے گئے ایک بیان میں سفارت خانے نے کہا کہ وہ مقامی حکام کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ تاکہ مرنے والوں کے باقیات کو جلد وطن واپسی کے لیے سہولت فراہم کی جا سکے۔ حکام، سوگوار کنبوں کے بھی رابطے میں ہیں اور ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے لیے پُر عزم ہیں۔ جارجیا کی وزارت داخلہ اس معاملے کی تصدیق کر رہی ہے۔x

**CRICKET IND VS AUS**

کرکٹ میں برسبین کے Gabba میں بھارت کے خلاف بارڈر گواسکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ میں بھارت نے لنچ تک اپنی پہلی اننگز میں 6 وکٹ پر 167. رن بنا لیے تھے۔ بھارت فی الحال 278 رن سے پیچھے ہے۔ آج صبح کھیل کے چوتھے دن بھارت نے چار وکٹ پر 51 رن کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کیا تھا۔

اِس سے پہلے کل میزبان ٹیم آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں 445 رن پر آؤٹ ہو گئی تھی۔ بھارتی تیز گیند باز جسپریت بُمرا نے چھ، وکٹ لیے جبکہ نتش ریڈی اور آکاش دیپ کو ایک۔ایک وکٹ ملا۔ پہلے دن آسٹریلیا نے بارش کے سبب میچ رکنے سے پہلے صرف 28 رن بنائے تھے۔ پانچ میچوں کی یہ سیریز ابھی ایک۔ایک سے برابر ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے بھارت اور سری لنکا کے درمیان طے پائے کئی معاہدوں سے متعلق خبر کو اپنے پہلے صفحے کی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے: بھارت اور سری لنکا کے

درمیان ڈیجیٹل اور توانائی کنکٹی وٹی سمیت کئی معاہدے۔ اخبار نے سری لنکا کے صدر اَنورا کمار دِسّانائیک کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ وہ اپنے ملک کو بھارت کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے۔

روزنامہ ملاپ نے دلّی کی فضائی آلودگی میں اضافے سے متعلق خبر کو اپنے صفحہ اول کی دوسری بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔ ملاپ نے اپنے پہلے صفحے پر اس خبر کو بھی پیش کیا ہے کہ وِجے دِوس کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

اس کے علاوہ اردو اخبارات نے جن بین الاقوامی خبروں کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے، ان کی سرخیاں اس طرح ہیں:

- ☆ جنگ کے بعد سے پہلی بار غزہ جنگ بندی معاہدے کے قریب- راشٹریہ سہارا۔
- ☆ اسرائیل کا فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے پر آئرلینڈ میں اپنا سفارت خانہ بند کرنے کا فیصلہ- ہندوستان ایکسپریس۔
- ☆ فرار ہونے کے بعد بشار الاسد کا پہلا بیان، منصوبہ بندی کے ساتھ ملک سے نکلنے کی تردید کی- انقلاب۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر راجستھان میں 46 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

2. راجیہ سبھا میں بھارت کے آئین کے 75 سال کے شاندار سفر پر خصوصی بحث دوبارہ شروع ہوگی۔ وزیراعظم آج راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دیں گے۔

3. ایک ملک- ایک انتخاب سے متعلق دو بل آج لوک سبھا میں پیش کئے جائیں گے۔

4. بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے دو سے تین دن کے دوران شمالی ریاستوں میں سرد لہر جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5. فرانسیسی جزیرے Mayotte میں سمندری طوفان Chido کے سبب ہونے والی تباہی میں سینکڑوں افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔

6. اور کرکٹ میں : باڈر-گوارسکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کے خلاف کھیلتے ہوئے اپنی پوزیشن مستحکم کرلی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------